# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 01 September-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: یکم ستمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ خودانحصاری اور ''ووکل فور لوکل'' کے منتر کے ساتھ ترقی کی راہ پر چلیں: ''من کی بات'' پروگرام میں وزیرِ اعظم کی عوام سے اپیل۔

☆ دیہی علاقوں میں سڑکوں کو مخصوص کوڈ دینے کا جدید طریقہ کیا گیا طئے۔

☆ مراٹھی فلموں کی مشہور اداکارہ پریا مراٹھے کا کینسر کے سبب انتقال۔

اور۔۔۔☆ بھارت مردوں کے ایشیاء کپ ہاکی مقابلے میں جاپان کو شکست دیکر ''سپر فور'' میں شامل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے ہ وہ خودانحصاری اور ''ووکل فور لوکل'' کے منتر کے ساتھ ترقی کی راہ پر چلیں۔آکاشوانی کے پروگرام ''من کی بات'' کے ذریعے وزیرِ اعظم کل ہم وطنوں سے خطاب کرر ہے تھے۔انھوں نے ہم وطنوں سے آئندہ آنے والے تہواروں کے دوران کپڑے، گھروں کی سجاوٹ کا سامان اور تحفے وغیرہ سے لیکر ہر چیز سودیشی خریدنے کی اپیل کی ہے۔انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

پرتیبھا سیتو کے نام سے ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم بنایا گیا ہے جو ایسے امیدواروں کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا جنھوں نے UPSC امتحانات میں بہت کم فرق سے کامیابی کا موقع ضائع کیا۔مودی نے بتایا کہ ایسے امیدواروں کو خانگی کمپنیاں ملازمتیں فراہم کریں گی۔انھوں نے بتایا کہ بہت سے امیدواروں نے اس پلیٹ فارم کا فائدہ اٹھایا ہے۔

17 ستمبر کو ملک بھر میں منائے جانے والے حیدرآباد مکتی سنگرام دن کا ذکر کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے اُس وقت کے وزیرِ داخلہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کے ذریعے کیے گئے آپریشن پولو کی یاد دلائی اور اس سلسلے میں بھارت رَتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے ذریعے ادا کیے گئے کردار کا بھی ذکر کیا۔انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

وزیرِ اعظم مودی نے ''من کی بات'' پروگرام میں جموں کشمیر میں منعقدہ 'کھیلو انڈیا' مقابلے' واٹر اسپورٹس فیسٹیول' ملک میں شمسی توانائی کے پروجیکٹس میں اضافے' شدید بارشوں اور قدرتی آفات سے ملک میں ہونے والے جان و مال کے نقصان سمیت بیرونی ممالک میں بھارتی تہذیب کے اثرات کا تذکرہ کیا۔انھوں نے اس پرگرام میں انجینئر موکش گُنڈم وِشویشوریّا کی سالگرہ، وشوکرما جینتی اور دیگر تہواروں کا بھی ذکر کیا۔

***** ***** *****

آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت مراٹھا ریزرویشن سے متعلق منوج جرانگے پاٹل کی جانب سے پیش کی گئی تجویز پر قانون کا جائزہ لے رہی ہے۔ وزیرِ موصوف نے کل اس سلسلے میں تشکیل دی گئی کابینہ کی ذیلی کمیٹی کی میٹنگ اپنی رہائش گاہ پر منعقد کی۔ اس موقع پر انھوں نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے سینئر لیڈر شرد پوار پر تنقید کرتے ہوئے سوال کیا کہ مراٹھا ریزرویشن کے مسئلے کو آئین میں ترمیم کرکے حل کرنے کا مشورہ دینے والے شرد پوار جب مرکزی وزیر تھے تب وہ کیوں خاموش رہے۔

***** ***** *****

اسی بیچ منوج جرانگے پاٹل نے انتباہ دیا ہے کہ آج سے بھوک ہڑتال کی شدت میں اضافہ کیا جائے گا۔ مراٹھا ریزرویشن کیلئے منوج جرانگے پاٹل کے احتجاج کا آج چوتھا دن ہے۔ ڈاکٹروں کی ٹیم نے کل ان کی صحت کا معائنہ کیا اور تصدیق کی کہ ان کے بلڈ پریشر اور ڈائبٹیز کی رپورٹ نارمل ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی شرد پوار گروپ کی رہنماء اور رکنِ پارلیمان سپریہ سُلے نے بھوک ہڑتال کے مقام پر جرانگے پاٹل سے ملاقات کی۔ اسی طرح پیٹھن کے رکنِ اسمبلی ولاس بھومرے بھی جرانگے پاٹل سے ملنے پہنچے۔ اس موقع پر بھومرے نے کہا کہ وہ مظاہرین کے جذبات کو حکومت کے سامنے رکھیں گے۔

***** ***** *****

حکومت نے دیہی علاقوں میں سڑکوں، گاڑی کے راستوں، فٹ پاتھوں اور کھیتوں کی پگڈنڈیوں کی حد بندی کرکے انھیں مخصوص کوڈ دینے کے جدید طریقۂ کار کو طئے کیا ہے۔ یہ اہم فیصلہ محصول کے ریاستی وزیر چندر شیکھر باون کُڑے کی زیرِ قیادت کیا گیا۔ اس سلسلے کی موصولہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ ہر گاؤں کے گرام سیوک، تلاٹھی، پولس پاٹل اور کوتوال کی مدد سے گاؤں کے تمام راستوں کی فہرست تیار کی جائے گی اور انھیں مخصوص کوڈ دیا جائے گا۔ اس سے کسانوں کو برس کے بارہ مہینے راستوں کی سہولت میسر آئے گی، ساتھ ہی قبضہ جات کے مسائل پر بھی قابو پایا جاسکے گا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

جیشٹھا کنشٹھا گوری کی کل گھر گھر تنصیب کی گئی۔ خواتین نے گانے بجانے کے ساتھ گورائی کا استقبال کیا اور سجائے گئے مقام پر گوری کی تنصیب کی۔ آج ہر گھر میں گوری پوجا کا تہوار منایا جارہا ہے۔ آج دوپہر کے بعد روایت کے مطابق گوری کو پنچ پکوانوں سمیت 16 سبزیوں کا نذرانہ پیش کرکے عقیدت کے ساتھ پوجا کی جائیگی۔ اس کیلئے آج صبح ہی سے بازاروں میں ہجوم ہے۔ یہ تین روزہ تہوار کل گوری وِسرجن کے ساتھ ختم ہوگا۔
اسی بیچ کل مختلف مقامات پر پانچ روزہ گنپتی مورتیوں کا وسرجن کیا گیا۔ گنیش کو الوداع کہنے کیلئے عقیدت مندوں نے اپنے اپنے علاقوں میں آبی ذخائر اور مصنوعی کنوؤں پر ہجوم کیا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کل ممبئی میں مختلف منڈلوں کا دورہ کیا اور گنیش کے درشن کیے۔ اسی طرح رکنِ پارلیمان اشوک چوہان نے کل ناندیڑ میں لوک مانیہ تلک گنیش منڈل پر حاضری دی اور گنیش کے درشن کیے۔ وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر میں رکنِ پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ نے ہڈکو این-9 میں واقع مرتیونجئے گنیش منڈل پہنچ کر درشن کیے۔ اس منڈل نے آپریشن سندور پر مبنی تصویروں پر مشتمل منظرنامہ پیش کیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھی فلموں کی مشہور اداکارہ پریا مراٹھے کا کل ممبئی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 38 برس کی تھیں۔ آنجہانی اداکارہ گذشتہ کچھ عرصے سے کینسر کے مرض میں مبتلا تھیں۔ انھوں نے کئی فلموں میں اداکاری کی جن میں ٹیلی ویژن سیریئل ''تو تیتھے می''، ''یا سکھا نویا'' اور ''پوتر رشتہ'' شامل ہے۔ ان کی آخری رسومات کل ادا کر دی گئیں۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے احمد پور تعلقے کے ٹاکل گاؤں کے رہائشی وجئے کمار گھوگرے کی پرسوں ممبئی کے آزاد میدان پر مراٹھا ریزرویشن تحریک میں مظاہرے کے دوران موت ہوگئی۔ ان کی آخری رسومات کل ان کے آبائی وطن میں ادا کر دی گئیں۔

***** ***** *****

مردوں کے ایشیاء کپ ہاکی مقابلے میں بھارت نے کل جاپان کو 2-3 سے شکست دے دی۔ بہار کے راج گیر میں کھیلے گئے اس میچ میں بھارتی کپتان ہرمن پریت سنگھ نے دو گول کیے جبکہ دوسرے کھلاڑی مندیپ نے ایک گول کیا۔ یہ مقابلہ جیت کر بھارت اب ''سپر فور'' گروپ میں شامل ہوگیا ہے۔

***** ***** *****

کنڑ-سوئیگاؤں اسمبلی حلقے کی رکن سنجنا جادھو نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے رابطہ وزیر سنجئے شرساٹ سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کے دوران کنڑ تعلقے میں کیے جانے والے مختلف ترقیاتی کاموں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کے گنگاکھیڑ پنچایت سمیتی اور محکمۂ محصولات کی مشترکہ کاوشوں سے کل ''خانہ بدوش قبائل'' دن منایا گیا۔ اس موقع پر محکمۂ محصولات کی جانب سے خانہ بدوش قبائل کے 60 استفادہ کنندگان میں مکانات کی منظوری کے احکامات اور ذات سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے آکھاڑا بالاپور زرعی پیداوار بازار مارکیٹ کمیٹی کے انتخابات میں شیوسینا کی حمایت یافتہ حکمراں گروپ، شیتکری وکاس پینل نے 18 میں سے 17 نشستیں حاصل کر لیں، جبکہ ایک سیٹ آزاد امیدوار نے جیتی۔

***** ***** *****

ناندیڑ آکاشوانی مرکز میں کام کرنے والے سینئر ٹیکنیشین راجندر گنگاکھیڑ کر 36 برسوں کی طویل خدمات کے بعد کل سبکدوش ہوگئے۔ انھیں الوداع کہنے کیلئے ناندیڑ آکاشوانی مرکز پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات نے آج اور کل کوکن، مراٹھواڑہ اور ودربھ کے چند علاقوں کیلئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ اسی طرح مراٹھواڑہ میں آج چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ، پربھنی، ہنگولی اور ناندیڑ اضلاع میں بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ بیڑ اور دھاراشیو اضلاع کے علاوہ بقیہ مراٹھواڑہ کیلئے کل کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ خود انحصاری اور ''ووکل فور لوکل'' کے منتر کے ساتھ ترقی کی راہ پر چلیں: ''من کی بات'' پروگرام میں وزیرِ اعظم کی عوام سے اپیل۔

☆ دیہی علاقوں میں سڑکوں کو مخصوص کوڈ دینے کا جدید طریقہ کیا گیا طئے۔

☆ مراٹھی فلموں کی مشہور اداکارہ پریا مراٹھے کا کینسر کے سبب انتقال۔

اور۔۔۔☆ بھارت مردوں کے ایشیاء کپ ہا کی مقابلے میں جاپان کو شکست دیکر ''سپر فور'' میں شامل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****